ضابطہ اخلاق برائے پولنگ عملہ

1. پریذائیڈنگ آفیسر صرف ڈسٹرکٹ ریٹرننگ آفیسر اور ریٹرننگ آفیسر کی طرف سے جاری کردہ ہدایات پر عمل کرے گا۔

2. اسسٹنٹ پریذائیڈنگ آفیسرز اور پولنگ آفیسرز ڈیوٹی کے دوران پریذائیڈنگ آفیسر کی ہدایات پر عمل کریں گے۔

3. انتخابی عملہ پولنگ سٹیشن پر وقت کی پابندی کرے گا ۔

4. انتخابی عملہ قانون کے مطابق درست اور مناسب انداز میں ذمہ داریوں کی ادائیگی اور اپنے متعلقہ حکام بالا سے مسلسل رابطہ رکھے گا۔

5. اگر کسی وقت کسی وجہ سے پولنگ عملہ کا کوئی رکن اپنے فرائض ادا نہیں کر سکتا تو وہ بلا تاخیر متعلقہ پریذائیڈنگ آفیسر کو آگاہ کرے گا جو اس بارے میں فوری طور پر متعلقہ ریٹرننگ آفیسر کو مطلع کرے گا۔

6. پولنگ عملہ اپنی ذمہ داریاں مکمل غیر جانبداری سے ادا کرے گا اور تمام رائے دہندگان، سیاسی جماعتوں کے نمائندوں، امیدواروں، ذرائع ابلاغ کے نمائندوں اور مبصرین کے ساتھ کسی قسم کا تعصب روا نہیں رکھے گا۔

7. پولنگ عملہ نہ تو اپنے آپ کوکسی سیاسی کارروائی یا انتخابی مہم میں ملوث کرے گا اور نہ ہی پولنگ اسٹیشن پر اپنی ذمہ داریوں کی ادائیگی کے دوران اپنی پسند یا ترجیح کا اظہار کرے گا۔

8. پولنگ عملہ کسی سیاسی جماعت یا امیدوار کا انتخابی نشان نہیں پہنے گا اور نہ ہی کسی امیدوار یا سیاسی جماعت کا بیج لگائے گا۔

9. پولنگ عملہ رائے دہندگان کے حق رائے دہی کی رازداری کو یقینی بنائے گا۔

10. ۱ پریذائیڈنگ آفیسرز پولنگ اسٹیشن پر انتخابی عمل بغیر کسی رکاوٹ کے جاری رکھنے کو یقینی بنائے گا۔

11. پولنگ عملہ پولنگ اسٹیشن پر تمام رائے دہندگان اور معذور ووٹروں کے مددگاروں کے ساتھ خوش اخلاقی سے پیش آئے گا ۔

12. پولنگ عملہ بزرگ شہریوں، خواجہ سراوں ، حاملہ خواتین اور معذور افرادکومناسب رہنمائی وسہولت فراہم کرے گا ۔

13. پولنگ عملہ بالخصوص اسسٹنٹ پریذائیڈنگ آفیسر صاحبان نتائج کی تکمیل اور انتخابی سامان کی پیکنگ کے دوران متعلقہ پریذائیڈنگ آفیسرکی مکمل معاونت کریں گے۔